ریموٹ لرننگ کے لیے تیار ہونا

آپ صرف چند اقدامات کے ذریعے اپنے بچے کو ریموٹ لرننگ کی درست راہ پر گامزن ہونے میں مدد کر سکتے ہیں

✓ **یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کے پاس کارآمد انٹرنیٹ (کنیکٹڈ) رابطہ کے ساتھ ایک آلہ ہے۔**

محکمئہ تعلیم کا IT ہیلپ ڈیسک آلے یا انٹرنیٹ کے سلسلے میں مدد کرنے کے لیے دستیاب ہے۔ 718-935-5100 پر رابطہ کریں اور 5 دبائیں یا ذیل کے لنکس پر جائیں:

- کیا آپ کو ایک DOE آلہ درکار ہے؟ schools.nyc.gov/devices
- دشواری ہو رہی ہے اور مدد کی ضرورت ہے؟ schools.nyc.gov/techsupport
- کیا آپکے DOE کے جاری کردہ آئی پیڈ کی مرمت کرنے کی ضرورت ہے؟ schools.nyc.gov/ipadfixes
- کیا آپ کو انٹرنیٹ کی خدمات تک رسائی حاصل کرنے میں مدد کی ضرورت ہے؟ schools.nyc.gov/internet

✓ **ان طریقوں (پلیٹ فارمز) اور آلہ کار کو سیکھیں جن کو آپ کا بچہ ریموٹ لرننگ کے لیے استعمال کر سکتا ہے:**

- گوگل کلاس رومز کے ساتھ آغاز کرنا: schools.nyc.gov/learning/learn-at-home/technical-tools-and- support/getting-started-in-google-clasroom
- مائیکرو سافٹ ٹیمز کے ساتھ آغاز کرنا: schools.nyc.gov/learning/learn-at-home/technical-tools-and-support/getting-started-in-microsoft-teams
- DOE زوم کے ساتھ آغاز کرنا: schools.nyc.gov/learning/learn-at-home/technical-tools-and-support/getting-started-with-zoom
- ریموٹ لرننگ کے لیے ترجمہ شدہ معاونت کو ذیل پر پائیں: schools.nyc.gov/learning/multilingual-learners/translated-support-for-remote-learning

✓ **اپنے بچے کا محکمئہ تعلیم طالبِ علم اکاؤنٹ تشکیل دیں۔** schools.nyc.gov/studentaccounts

✓ **اپنے بچے کے نیو یارک شہر طالبِ علم اکاؤنٹ (mystudent.nyc) میں اپنی رابطہ معلومات کی تجدید کریں اور یہ تصدیق کریں کہ آپ کے بچے کے اسکول کے پاس آپ کا ای میل پتہ اور فون نمبر ہے تاکہ وہ آپ کو تازہ ترین خبریں پہنچانے کے لیے آپ سے رابطہ کر سکے۔**

NYC Department of Education

/nycschools

ریموٹ لرننگ کے دوران اپنے بچے کی مدد کرنے کے طریقے

ریموٹ لرننگ کے دوران آپ کے بچے مسلسل کئی گھنٹوں کے لیے ایک اسکرین کو دیکھیں گے یا مطالعہ اور تحریر کریں گے۔ یہ مفوضہ کام مکمل کرتے اور جمع کرواتے ہیں، اساتذہ اور ہم جماعتوں کے ساتھ بات چیت کرتے ہیں، کلاسوں کے لیے صحیح وقت پر لاگ اِن کرنا یقینی بناتے ہیں، اور آخری تواریخ اور لوازمات کی جانچ کرتے ہیں۔ یہ بڑی ذمہ داری ہے!

اپنے بچے کی ایک ثمرآور، کامیاب اسکول دن گزارنے میں آپ کی مدد کرنے کے لیے ذیل میں کچھ طریقے ہیں:

اپنے بچے کے دن کی ایک ترتیب بنائیں۔

- ☐ اگر ممکن ہو، ان کی اسکول کے کام کو ہر روز اسی جگہ پر کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔
- ☐ ان کے اسکول کے لوازمات اور آلات کو ایک معقول، آسانی سے تلاش کرنے والی جگہ پر رکھیں۔

اپنے طالبِ علم کی ہر تعلیمی سیشن کے لیے تیار ہونے میں مدد کریں۔

- ☐ آغاز کرنے سے قبل ان کی تمام ہدایات کا مطالعہ کرنے کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ یہ مفوضہ کام سمجھ جائیں۔
- ☐ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے استاد نے جن چیزوں کا اشتراک کیا ہے یہ اس تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

اپنے بچے کی تر و تازہ ہونے اور توجہ دینے کے لیے پورے دن کے دوران وقفے لینے کی حوصلہ افزائی کریں۔

- ☐ چھوٹے بچے اکثر، تقریباً ہر 15 منٹ بعد مختصر وقفوں سے مستفید ہو سکتے ہیں، جبکہ بڑی عمر کے طلبا کو ہر 30 منٹ میں مختصر "ذہنی وقفوں" کی ضرورت ہو سکتی ہے۔
- ☐ وقفوں کے دوران، اپنے بچے کی اسٹریچ کرنے، گہری سانسیں لینے، اور ان کی اپنے جسم کو حرکت دینے کی حوصلہ افزائی کریں۔

ہر اسکول دن کے اختتام پر اپنے بچے کے ساتھ بات چیت کریں۔

- ☐ اگرچہ آپ اور آپ کا بچہ پورا دن ایک ہی جگہ کا اشتراک کرتے ہیں، آپ پھر بھی ان کی اسکول کی سرگرمیوں میں تجسس کا اظہار کر کے بہت کچھ جان سکتے ہیں۔
- ☐ دن کے اختتام پر آپ ذیل جیسے سوالات پوچھ سکتے ہیں: آپ کا ریاضی کا سبق کس بارے میں تھا؟ آج آپ نے زوم میں کیا دیکھا؟ آپ کے لیے کیا چیز دشوار تھی؟ کیا آج آپ نے کوئی اہم بات سیکھی؟ آپ کیسا محسوس کر رہے ہیں؟ کیا کوئی مزاحیہ بات ہوئی؟

اپنے بچے کی کامیابی کا جشن منائیں۔

- ☐ اپنے بچے کو بتائیں کہ آپ کو ان کی تمام کلاسوں میں شرکت کرنے اور مفوضہ کام کو بروقت انداز میں مکمل کرنے پر فخر ہے۔
- ☐ ان کی حصولیابیوں کا جشن منائیں، ہر روز ان کی تعریف کریں۔

اپنے بچے کے استاد کے ساتھ رابطے میں رہیں۔

- ☐ اپنے بچے کی براہِ راست کلاس کے دوران جو کچھ بھی آپ سنیں وہ آپ کو یہ اندازہ لگانے میں مدد کرے گا کہ سبق کس بارے میں ہے — لیکن یہ آپ کو یہ نہیں بتاتا ہے آپ کا بچہ کیسی پیشرفت کر رہا ہے۔
- ☐ اپنے بچے کی پیشرفت کی جانچ کرنے کے لیے والدین اساتذہ کی کانفرنس کا انتظار نہ کریں۔
- ☐ یہ جاننے کے لیے کہ آپ کا بچہ کیسی پیشرفت دکھا رہا ہے، اگر کوئی ایسے شعبے ہیں جن میں آپ کے بچے کو اضافی مدد کی ضرورت ہے، اور آپ کس طرح بہترین انداز میں ان کی مدد کر سکتے ہیں، اساتذہ کو معمول میں ای میل کرتے رہیں۔